# LOTTE CHEMICAL PAKISTAN LTD

## کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (4)159 کے تحت نوٹس

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (4)159 کے تحت بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ درج ذیل افراد نے اپنی رضامندی ظاہر کرتے ہوئے لوٹے کیمیکل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کے لیے نوٹسز دائر کئے ہیں۔ یہ انتخاب کمپنی کی خصوصی اجلاسِ عام (EOGM) میں کیا جائے گا جو کہ 22 جون 2026 بوقت صبح 11:00 منعقد ہو گا۔ یہ اجلاس انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) آڈیٹوریم، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں ہو گا اور ویڈیو لنک کے ذریعے بھی دستیاب ہو گا:

| | | |
|---|---|---|
| 1. جناب امتیاز احمد | 2. جناب عدنان آفریدی | 3. جناب محمد ظہور الٰہی چیمہ |
| 4. محترمہ فہمینہ خان | 5. جناب فیصل احمد صدیقی | 6. جناب عثمان اصغر خان |
| 7. جناب شاہد الحسن چٹھہ | 8. جناب انور شمیم | 9. جناب عارف الٰہی |

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1) 159 کے مطابق ڈائریکٹرز کی تعداد (08 آٹھ) مقرر کی ہے۔ چونکہ نامزدگی جمع کرانے والے افراد کی تعداد مقررہ نشستوں سے زیادہ ہے، اس لیے ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنی کے منعقد کئے جانے والے خصوصی اجلاسِ عام میں کیا جائے گا۔

مذکورہ بالا امیدواروں کے پروفائلز کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں: http://www.lottechem.pk/election-of-directors/

### اسکروٹینائزر (جانچ کنندہ) کا تقرر

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 11 کے مطابق، اور مذکورہ قوانین کے ریگولیشن 11A میں بیان کردہ ووٹنگ کے عمل کی نگرانی اور جانچ کے مقصد کے لیے خصوصی اجلاسِ عام (EOGM) میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے سلسلے میں کمپنی نے میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، جو کمپنی کے قانونی آڈیٹر ہیں کو اسکروٹینائزر مقرر کیا ہے۔ اسکروٹینائزر کے پاس ووٹنگ کے عمل کا آزادانہ، غیر جانبدارانہ اور قابلِ اعتماد انداز میں جائزہ لینے اور اس کی جانچ پڑتال کرنے کے لیے ضروری علم، مہارت اور تجربہ موجود ہے تاکہ تمام قانونی اور ضابطہ جاتی تقاضوں کی مکمل پاسداری کو یقینی بنایا جا سکے۔

15 جون 2026<br>
کراچی

بحکم بورڈ،<br>
فیصل عابد<br>
کمپنی سیکرٹری